سوال

(41) قبرستان کے قریب بنی ہوئی مسجد میں نماز ادا کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماسٹر صدیق کالا باغ ضلع ایبٹ آباد سے دریافت کرتے ہیں کہ کہ قبرستان کے قریب بنی ہوئی مسجد میں نماز ادا کرنا کیسا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قبرستان کے اندر مسجد بنانا یا قبرستان میں نماز ادا کرنا شرعاً ممنوع ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے منع فرمایا ہے، البتہ قبرستان کے قرب جوار میں اگر کوئی مسجد ہے تو ایسی مسجد میں نماز ادا کرنے میں کوئی قباحت نہیں، نیز اگر مسجد کو وسیع کرتے ہوئے کچھ قبریں مسجد کے صحن میں آ جائیں جبکہ پہلے وہ مسجد کے باہر تھیں ایسے حالات میں بھی ان شاء اللہ مسجد میں نماز ادا کی جا سکتی ہے بشرطیکہ قبریں قبلہ کی جانب نہ ہوں۔ (واللہ اعلم)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اصحاب الحدیث

جلد: 1 صفحہ: 80